# مطبوعات

قرآنی تعلیمات حصہ اوّل و دوم | تالیف مولانا محمد یوسف اصلاحی۔ شائع کردہ: مکتبہ الحسنات رامپور (بھارت)، قیمت فی جلد ۴ روپے۔

قرآن مجید باری تعالیٰ کی طرف سے وہ آخری کتابِ ہدایت ہے جو ختم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی وساطت اور عملی رہنمائی میں بندگانِ خدا تک پہنچائی گئی۔ یہ کتاب اتنی جامع ہے کہ اس سے زیادہ جامعیت کا انسان تصور نہیں کر سکتا۔ زندگی کا کوئی شعبہ اور فکر و نگاہ کا کوئی گوشہ ایسا نہیں جس کے بارے میں اس کتاب میں واضح ہدایات نہ ملتی ہوں۔ جتنی وسیع اور جامع اس کتاب کی تعلیمات ہیں اتنے وسیع اور متعدد اس کی خدمت کے میدان ہیں۔ اس کا معجزانہ اسلوبِ بیان، اس کے الفاظ، اس کی تراکیب، اس کی بلاغت، اس کی اثر آفرینی، اس کا طرزِ خطابت، اس کا طریقِ استدلال، اس کے گنج ہائے معانی، اس کے احکام الغرض بیسیوں نہیں بلکہ سینکڑوں اور ہزاروں گوشوں میں شروع سے لے کر آج تک غور و فکر کیا جاتا رہا ہے اور اس بحرِ بیکراں سے اپنی ہمت اور استعداد کے مطابق حکمت کے موتی تلاش کیے جاتے رہے ہیں۔ صحیح بات یہ ہے کہ اس مقدس کتاب کی جس پہلو سے بھی خدمت کی جائے وہ مومن کا فریضہ بھی ہے اور بہت بڑی سعادت بھی۔

زیر تبصرہ کتاب میں فاضل مصنف نے بڑی عمدگی کے ساتھ قرآن مجید کی تعلیمات کو ایک تصنیفی ترتیب کے ساتھ پیش کیا ہے اور مستقل عنوانات کے تحت متعلقہ آیات کو درج کیا ہے۔ آیات کی ترجمانی بڑی سادہ اور دلکش اور ان کی تشریح عام فہم اور مختصر ہے۔ کہیں کہیں مزید وضاحت کے لیے احادیث بھی نقل کی گئی ہیں۔ ہماری رائے میں یہ مجموعہ تمام مسلم اور غیر مسلم